# محکمہ خوراک گلگت بلتستان

## ٹینڈر نوٹس برائے ترسیل گندم کیٹگری "B" ٹھیکیداران

## سال 27-2026ء

بذریعہ اشتہار ہذا مطلع کیا جاتا ہے کہ محکمہ خوراک گلگت بلتستان کو، سب بلک ڈپوز سے گلگت بلتستان کے تمام سول سپلائی سیل ڈپوز کے لیے ٹینڈر برائے ترسیل گندم مالی سال 27-2026 کیلئے اچھی شہرت کے حامل کیٹگری "B" ٹھیکیداران، فرمزاورادارو ں سے مورخہ 3 جون 2026 کو دن 10 بجے تک سربمہر ٹینڈرز مطلوب ہیں۔ٹینڈرز GB PPRA رول 39 شق نمبر (ب) واحد مرحلہ جاتی دولفافہ جاتی طریق کار (Single Stage Two Envelop) کے تحت وصول کئے جائینگے پہلے مرحلے میں تکنیکی لفافے اسی دن دوپہر 10:30 بجے کھولے جائیں گے۔اور کاغذات کے جانچ پڑتال کے بعد مورخہ 10 جون 2026ء کو کامیاب ٹھیکیداران، فرمزاوراداروں کی لسٹ زیرِ دستخطی کے دفتر میں آویزاں کی جائے گی دوسرے مرحلے میں تکنیکی مرحلے کے کامیاب شدہ ٹھیکیداران، فرمزاوراداروں کے مالیاتی بولی کے لفافے مورخہ 18 جون 2026 کو ٹھیکیداران، فرمزاوراداروں کی موجودگی میں دن 10 بجے زیرِ دستخطی کے دفتر میں کھولے جائینگے۔ ٹینڈر فارم ودیگر معلومات ٹینڈر کھلنے کی تاریخ تک دفتری اوقات میں دفتر زیرِ دستخطی سے حاصل کر سکتے ہیں اور PPRA ویب سائٹ / محکمہ خوراک کی ویب سائٹ gbfood.gov.pk سے ڈاؤنلوڈ بھی کر سکتے۔

**اہلیت وقابلیت برائے تکنیکی ومالی بولی / تجاویز:۔**(Eligibility & Qualification Criteria for Technical & Financial bids)

**(الف) شرائط برائے B کلاس (بلک، سب بلک ڈپوز گلگت بلتستان سے آگے سیل ڈپوز کے لئے ترسیل گندم)۔**

۱۔ متعلقہ ٹھیکیدار فرم اور ادارے کا کسی بھی scheduled بینک یا KCBL سے کم ازکم پچاس لاکھ کا پچھلے ایک سال کا بنک ٹرانزیکشن لازمی ہے جس کے ثبوت کے طور پر متعلقہ بینک منیجر سے تصدیق شدہ بنک سٹیٹمنٹ جمع کرانا لازمی ہوگا۔

۲ متعلقہ ٹھیکیدار، فرم اور ادارے کے نام تازہ ترین غیر منقولہ جائیداد ایک کروڑ مالیت کی ہو ثبوت کے طور پر اوریجنل پراپرٹی سرٹیفکیٹ متعلقہ اسسٹنٹ کمشنر یا متعلقہ اسسٹنٹ ریونیو آفیسر کی جانب سے حسب ضابطہ جاری کردہ منسلک کرنا لازمی ہے، مزید برآں مذکورہ جاری کردہ جائیداد کو فروخت نہ کرنے کی بیان حلفی متعلقہ ڈپٹی کمشنر یا ڈسٹرکٹ ریونیو کلکٹر، اسسٹنٹ کمشنر یا مجسٹریٹ فرسٹ کلاس سے تصدیق شدہ بشمول مذکورہ انتقال کی مصدقہ نقل کے ساتھ منسلک کرنا لازمی ہے۔

۳۔ ٹینڈر میں حصہ لینے والے ٹھیکیداروں کا کسی بھی سرکاری یا نیم سرکاری یا رجسٹرڈ پرائیویٹ ادارے میں متعلقہ کام میں کم ازکم تین سال کا تجربہ لازمی ہے حسب ضابطہ Experience Certificate اور **Performance Certificate** منسلک ہو۔

۴۔ ٹینڈر میں حصہ لینے والے ٹھیکیدار کے اپنے نام پر کم ازکم ایک رجسٹرڈ ٹرک، مزدا، ٹریکٹر یا لوڈر جیپ کا ہونا لازمی ہے، جس کے ثبوت کے طور پر رجسٹریشن کا کاغذ جمع کروانا لازمی ہے۔

۴۔ متعلقہ ٹھیکیدار، فرم اور ادارے کی طرف سے کسی بھی ادارے سے بلیک لسٹ نہ ہونے کے بارے میں 100 روپے کے اسٹام پیپر پر بیان حلفی جمع کرانا ضروری ہے۔

۵۔ تمام حصہ لینے والے ٹھیکیداران، فرمزاوراداراے اپنے کردار کے حوالے سے متعلقہ سپرنٹنڈنٹ پولیس سے تازہ ترین (اشتہار کی اشاعت کے بعد) صداقت نامہ حاصل کر کے منسلک کریں۔

۶۔ ٹھیکیداران وفرمزاوراداروں کا محکمہ خوراک گلگت بلتستان کو تجدیدی (Enlistment/Renewal) فیس جمع کراکر رسید جمع کرانا ضروری ہے۔

**(ب) عمومی قواعد وضوابط بابت مالیاتی وتکنیکی تجاویز برائے ترسیل گندم:۔**

۱۔ ٹینڈر دہندہ گان کو ٹینڈر ریٹ فی کلوگرام گندم کا کرایہ بشمول تمام مروجہ ٹیکسز وہینڈلنگ بمع لوڈنگ وانلوڈنگ کے تمام اخراجات کے حساب سے دینا ہوگا، نیز ٹینڈر ریٹ اعشاریہ کے بعد دو ہندسوں سے زیادہ ٹینڈر فارم میں اندراج نہ ہووے۔ٹینڈر فارم میں دو سے زیادہ اضافی اعشاریہ ہندسوں کا اندراج ناقابل قبول قرار پائے گا، مزید برآں ٹینڈر ریٹ ٹائپ شدہ ہونا لازمی قرار دیا گیا ہے۔

۲۔ سادہ کاغذ پر، نامکمل، کھلا لفافہ، مقررکردہ اوقات کے بعد موصول شدہ، مشروط اور 3 فیصد bid security کے بغیر جمع کردہ ٹینڈر کا غذات قابل قبول نہیں ہونگے۔یہاں یہ واضح ہووے کہ ہر سٹیشن کیلئے علیحدہ علیحدہ Bid Security کا منسلک کرنا لازمی قرار دیا گیا ہے۔

CS CamScanner

۳۔ کامیاب ٹھیکیداروں کو کسی بھی Scheduled بینک / KCBL سے 10% PERFORMANCE GURANTEE، CDR/ TDR یا اسی مالیت کا Financial Instrument ڈائریکٹر فوڈ گلگت بلتستان کے نام جمع کرانا ہوگا۔

۴۔ تکنیکی تجویز/بولی کیلئے اہلیت کے معیار (Eligiblity Criteria) کیلئے تعین شدہ تمام شرائط کو پورا کرنا حسب ضابطہ لازمی قرار دیا گیا ہے۔ کسی ایک بھی وضع کردہ شق پر پورا نہ اترنے کی صورت میں ٹینڈر دہندہ کی درخواست کو حسب ضابطہ مسترد کر دیا جائے گا۔

۵۔ دوران ترسیل گندم کے نقصان کی تمام تر ذمہ داری ٹھیکیدار، فرم اور ادارے کی ہوگی۔

۶۔ قدرتی آفات اور کسی بھی ایمرجنسی کی صورتحال کی تدارک کیلئے ادارہ حسب ضابطہ قانون National Disaster Management Act, 2010 کے وضع کردہ شق نمبر 32 کے تحت ضابطے کی کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔

۷۔ مالیاتی بولی اور تیکنیکی بولی کو الگ الگ لفافوں میں سربمہر ( S e a l ) کر کے لفافے پر ٹھیکیدار، فرم، ادارے " Technical Bid " اور "Financial Bid " واضح طور پر لکھ کر جمع کرانا لازمی ہوگا۔

۸۔ وہ ٹھیکیداران و فرمز اور ادارے جو محکمہ خوراک گلگت بلتستان کے ساتھ پہلے سے انلسٹ نہیں ہیں وہ درخواست کے ساتھ ۳ سالہ تجربہ سرٹیفکیٹ، شناختی کارڈ کی مصدقہ نقل اور پاسپورٹ سائز تصویر دفتر ہذا میں جمع کرا کر ٹینڈر فارم حاصل کر سکتے ہیں، ٹینڈر میں شمولیت کی اہلیت کے لئے اوپر دئے گئے تمام شرائط پورے کرنے لازمی ہے بصورت دیگر ٹینڈر مسترد قرار دیا جائے گا۔

۱۱۔ ڈائریکٹر فوڈ گلگت بلتستان ایک یا تمام ٹینڈرز مسترد یا منظور کرنے کا مجاز ہوگا۔ ٹینڈر منسوخ ہونے کی صورت میں متعلقہ ٹھیکیداران کو اس امر کی وجوہ سے آگاہ کیا جائے گا۔ مزید برآں ٹینڈر کے منسوخی کے بابت ادارہ کسی قسم کی صفائی دینے کا پابند نہیں ہوگا۔

(محمد جعفر)
ڈائریکٹر فوڈ گلگت بلتستان
جٹیال گلگت

CS CamScanner